© rasailojaraid.com



بنت امیر شریعت سیدہ ام کفیل بخاری

# ابا جی کی یادیں

محترمہ والدہ ماجدہ نے ذیل کے مضمون میں حضرت امیر شریعت رحمہ اللہ کی زندگی کے مختلف گوشوں پر قلم اٹھایا ہے۔ اس میں حضرت امیر شریعت کے سوانح بھی ہیں اور افکار بھی۔ واقعاتی زندگی کی جھلک بھی ہے اور اجتماعی زندگی کے نقوش بھی۔ والدہ ماجدہ کو اپنے "ابا جی" کی گھریلو مجالس سے استفادہ کے جتنے بھی مواقع میسر آئے وہ ان کی یادوں کی متاع عزیز ہیں۔ ذیل میں ایک سیاسی مسئلے اور اس سے متعلق شخصیات کے حوالے سے کچھ وضاحتیں ایسی آرہی ہیں کہ جن کا تعلق براہ راست حضرت امیر شریعت رحمہ اللہ کی شخصیت سے ہے۔ امیر شریعت رحمہ اللہ کی سوانح کے حوالے سے اب تک جو مواد سامنے آیا ہے اس میں مجلس احرار اسلام اور شاہ جی کی نسبت کچھ ایسی غلط فہمیاں پیدا ہو گئیں جو مؤلفین کی معاصرانہ چشمک کی آئینہ دار ہیں۔

اس مضمون کی خوبی یہ ہے کہ اس میں مشاہداتی حقائق ہیں۔ چونکہ والدہ ماجدہ گھر پر ہی موجود رہتی تھیں اور وہ باتیں جن کا اظہار اجتماعی مفاد کے پیش نظر حضرت امیر شریعت عام مجالس میں نہیں فرماتے تھے والدہ ماجدہ کے استفسار پر گھریلو مجالس میں کبھی کبھار ان پر اظہار خیال فرما دیتے۔

ان حقائق کی اشاعت سے کسی کی شخصی توہین مقصود نہیں بلکہ تاریخی ریکارڈ کی درستی ہمارا مطمح نظر ہے (کفیل)

کشمیر میں ہجرت کر کے آنے والے ہمارے مورث اعلیٰ سید عبدالغفار بخاری رحمہ اللہ تھے جو سلطان زین العابدین بڈشاہ کے زمانے میں قاضی القضاۃ کے عہدے پر فائز رہے منشی محمد الدین صاحب فوق مرحوم نے تاریخ اقوام کشمیر میں پوری تفصیل دی ہے پہلے انہوں نے غلط فہمی میں ہمارا سلسلہ نسب جلال پور جٹاں کے سید حبیب اور عنایت شاہ صاحبان کے ساتھ جوڑ دیا پھر ماموں جان مرحوم سید عبدالحمید شاہ صاحب نے ان کو اصل شجرہ کی نقل مہیا کی تو انہوں نے تصحیح کر دی۔ والدین ماجدین رحمہم اللہ بتایا کرتے تھے انکے شعور کی عمر تک کئی رشتے ناطے کشمیر ہی میں خاندان کی دوسری شاخ میں ہوتے رہے بعد میں یہ سلسلہ منقطع ہو گیا۔ کشمیر کا ذکر بہرحال گھر میں ہوتا تھا اور تحریک کشمیر کے حوالے سے خصوصاً ہوتا تھا۔ ابا جی کے ننھیال بھی کشمیر سے ہی ہجرت کر کے پٹنہ جا بسے تھے۔ بلکہ اس زمانے کے ہمارے بزرگوں نے ناگڑیاں میں ان کی دعوت کی تھی۔ اور تعلقات کا آغاز یہیں سے ہوا تھا۔ والدہ ماجدہ مصائب و حوادث کو مردانہ وار برداشت فرماتی



© rasailojaraid.com

